بسم اللہ الرحمن الرحیم

لوحِ غوثیہ

حروفِ نورانی سے وضع کردہ

☆ چونکہ سبھی سلاسل طریقت حضور غوث الوریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فیضاب ہوتے ہیں اس لئے تجلّیات گروپ میں حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روحانیتِ مبارکہ سے اکتسابِ فیض کا ایک خصوصی طریقہ حضور ہی کی اجازت وکرامت سے قارئین کے افادہ کیلئے پیش کیا جاتا ہے۔ سلسلۂ عالیہ قادریہ کے اصحاب کو بالخصوص اور ہر خوش عقیدہ قاری کو بالعموم اس بارگاہِ غوثیہ کے خصوصی تحفہ سے ضرور مستفید ہونا چاہئیے۔ وما توفیقی الا باللہ تعالیٰ!

نوٹ:۔ اس لوح میں صرف حروف مقطعات پر اعراب لگائیں بقیہ کہیں بھی اعراب نہ لگائے جائیں۔ یہ بھی ایک راز ہے جو عیاں کردیا گیا ہے۔ شکریہ۔

لوح حرفی یہ ہے۔

۷۸۶

المقسط	ح	طسٓ المصلح
منعم	العالم	طٰهٰ مکمل
عبد	القادر	جیلانی

لوح عددی یہ ہے۔

۲۴۰	۸	۲۶۸
۲۰۰	۱۷۲	۱۴۴
۷۶	۳۳۶	۱۰۴

اس کی آتشی رفتار یہ ہے۔

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

☆یہ لوحِ غوثیہ حروفِ نورانی سے مرکب ہے۔ اس لوحِ مبارکہ کی کل میزان الوفق = ۵۱۶ رہے۔ تین ادوار پر مشتمل ہے ہر دور کے خانہ ہائے میں ۶۸/عدد کا اضافہ ہے۔ جو "حکم" کے ہیں اور حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس دورِ وسطیٰ میں "حکم" ہی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ چونکہ آپکی غوثیت وقطبیت قطعی اور مستحکم ہے۔ آپ قطب الاقطاب ہیں۔ اس لئے حامل لوح اپنے جملہ امور میں غیبی مدد سرکارِ غوثیت مآب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پاتا ہے۔ فللّٰہِ الحمد۔

☆رفتار اس کی آتشی ہے۔ شرفِ قمر میں جملہ ملزومات کا خیال رکھ کر بنائیں اور غوث پاک کی نیاز دلا کر اپنے پاس رکھیں۔ بے انتہا فتوحات وفوائد حاصل ہونگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

☆یہ تحفہ میں تجلیات گروپ کے خاص احباب خصوصاً جناب محمد عمران اعظم ہمدانی صاحب، جناب ظہیر احمد خان صاحب، جناب اظہر حسین صادق صاحب، ودیگر تمام ایکٹو ممبران، جناب نعیم ملک صاحب، جناب ملک قمر صاحب وغیرہ کی نذر کرتا ہوں۔ گر قبول افتد زہے عزو شرف۔

☆لوحِ غوثیہ صغیر و کبیر اور خصوصی لوح برائے روحانیت کا طریقہ انشاء اللہ تعالیٰ! ممکن ہوا تو تجلیات گروپ میں پیش کروں گا۔ جس کے ذریعے فیضانِ غوثیہ جاری ہوتا ہے۔اور زیارت کا شرف بھی حاصل ہوتا ہے۔فیوضات وتصرفاتِ غوثیہ میں سے یہ بھی ایک عظیم نورانی تحفہ ہے۔اسے کاغذ پر تیار کریں یا چاندی کی لوح بنائیں۔

☆ہر قمری مہینہ کی گیارہویں تاریخ کو تیار کی جا سکتی ہے۔ علاوہ ازیں شرفِ قمر جو ہر ماہ ہوتا ہے۔یا نوچندہ جمعۃ المبارک کو تیار کی جا سکتی ہے۔ بعد از تیاری نیاز وختم گیارہویں شریف حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ ضرور دلائیں اور حضور غوث پاک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وسیلہ سے اپنے جملہ مقاصد کیلئے دعا فرمائیں۔

یکے از غلامانِ غوث الوریٰ رضی اللہ عنہ

العاصی

فقیر سائرؔ واسطی شاہ جمالی القادری راجشاہی غفرلہٗ